دیارِ پورب میں علم و علماء

مؤلف:۔ مولانا قاضی اطہر مبارک پوری۔

ہندوستان میں پورب کا علاقہ علمی و فنی اعتبار سے نہایت معنی خیز رہا ہے۔ اس علاقہ میں اسلامی علوم کی ترویج و اشاعت کی تاریخ غیر معمولی اہمیت رکھتی ہے، پورب سے مراد، الٰہ آباد، جون پور اور اودھ اور اس کے نواح کا کچھ حصہ ہے۔ اس سرزمین سے بڑے بڑے علماء پیدا ہوئے جنہوں نے جگہ جگہ قصبات اور شہروں میں درس گاہیں قائم کرکے دینی علوم کو فروغ دینے کی مسلسل کوشش کی۔ قاضی صاحب نے اس علاقہ کی عہد بہ عہد علمی تاریخ کا جائزہ لیا ہے۔ اور ہر دور کے ممتاز علماء اور ان کی تصانیف کا ذکر کیا ہے۔ اس اہم علمی کام کے لئے انہوں نے سینکڑوں کتابوں کا مطالعہ کیا۔

اور ہزاروں صفحات پر پھیلے ہوئے مواد کو نہایت سلیقہ سے دلکش انداز میں مرتب کیا ہے۔ اس کتاب کا مطالعہ اسلامی علوم سے دلچسپی رکھنے والے کے لئے اور تاریخ کے طلبہ کے لئے بہت مفید ثابت ہوگا۔

طباعت و کتابت عمدہ۔ سائز ۲۲×۲۹/۸ صفحات

مجلد پارچہ مع گرد پوش قیمت ۴۰/- روپے

غیر مجلد ۳۰/- روپے